

اجتماعِ میلاد اور جلوسِ کے

متعلق چند اہم مدنی پھول

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم سگِ عطار محمد شاہد عطاری عفی عنہ کی جانب سے اراکینِ شوریٰ، نگرانِ کابینات، نگرانِ کابینہ وشعبہ جات کے پاکستان سطح کے ذمہ داران کی خدمات میں دعوتِ اسلامی کی ترقی، مضبوطی کی آرزوؤں میں بسا ہوا سلام!

السلام علیکم ورحمۃ اللّٰہ وبرکاتہ الحمد للّٰہ رب العالمین علٰی کل حال

منانا جشنِ میلاد النبی ہرگز نہ چھوڑیں گے
جلوسِ پاک میں جانا کبھی ہرگز نہ چھوڑیں گے

شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطار** قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ رِسالہ ''صبحِ بہاراں'' میں فرماتے ہیں: جس کا خلاصہ یہ ہے کہ رِسالہ ''صبحِ بہاراں'' **خصوصاً اُن تنظیموں کے سربراہوں تک پہنچایئے جو جشنِ ولادت کی دھومیں مچاتے ہیں۔**

جلوسِ میلاد کے بارے میں امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ فرماتے ہیں: **جہاں تک ممکن ہو باوُضو رہیئے۔ لب پر دُرُود وسلام اور نعتوں کے نغمے سجائے، نعتوں اور دُرُود وسلام کے پھول برساتے، نگاہیں جھکائے پُروقار طریقے پر چلیئے۔ اُچھل کود مچا کر کسی کو تنقید کا موقع مت دیجئے۔**

بدقسمتی کے ساتھ عام طور پر جو جلوسِ میلاد نکلتے ہیں اُس میں لوگ لنگر پھینکتے اور رزق کی بے ادبی کا سبب بنتے ہیں، بعض شہروں میں گاڑیوں پر ڈیک رکھے ہوتے ہیں اُس میں گانے بج رہے ہوتے ہیں یا میوزک کے ساتھ نعتیں چل رہی ہوتی ہیں، بعض لوگ بھنگڑے ڈال رہے ہوتے ہیں، بعض باقاعدہ رقص کر رہے ہوتے ہیں، غرض کہ مختلف شہروں میں مختلف عجیب وغریب انداز ہیں جن سے عوام متنفر ہوتی ہے، ایسے میں قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک ''دعوتِ اسلامی'' جس کا مشن ہی ''اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنا ہے۔'' بھی ان کی اصلاح کی کوشش نہ کرے تو کون کرے گا؟

براہِ کرم! میرے نگرانِ کابینہ بالخصوص ہمت فرمائیں!

- ہر شہر میں مجلس رابطہ بالعلماء والمشائخ یا ایک **3 رکنی مجلس** بنائیں جو رِسالہ ''صبحِ بہاراں'' اُن انجمنوں، تنظیموں، گدی نشینوں تک پہنچائیں جو جلوسِ میلاد نکالتے ہیں۔
- نہایت نرمی کے ساتھ اور خوشگوار ماحول میں جلوسِ میلاد میں پائی جانے والی **خرافات** اور اس ہونے والے ممکنہ نقصانات کی طرف متوجہ کریں۔
- آپ کی کابینہ میں جتنے بھی شہر ہیں اُن شہروں میں جتنے بھی جلوسِ میلاد صبح یا شام نکلتے ہیں اُن میں بڑی عمر والے **مبلغین مقرر کریں** جو کہ لنگر لُٹانے والوں کو رزق کی بے ادبی ہونے کے تعلق سے سمجھائیں اگر کہیں لوگ گانے یا میوزک والی نعتیں چلا رہے ہوں تو اُنہیں ہاتھ جوڑ کر مسکرا کر گذارش کریں کہ یہ شرعاً دُرست نہیں۔
- جلوس میں جانے والے اسلامی بھائی اپنی جیب میں امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے جیبی سائز رسائل ساتھ لے کر جائیں بالخصوص نیا رِسالہ **''مینڈک سوار بچھو''** ساتھ لیں تو مدینہ مدینہ
- جلوس میں جانے والے وہ اسلامی بھائی جو نیکی کی دعوت دیں گے، یاد رکھیں اگر کسی موقع پر بھی آپ کو غصہ آ گیا تو سمجھ لیجئے کہ **بازی ہاتھ سے نکل گئی۔**

اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد کے متعلق چند اہم مدنی پھول

- بارہویں شب اگر مدنی چینل کی ترکیب کریں تو مدینہ مدینہ مگر اصلِ مسجد، فنائے مسجد اور ایسی خارجِ مسجد کہ جسے لوگ مسجد سمجھیں، میں دیکھنے کی اجازت نہیں ہے۔
- دونوں جدول یعنی کچھ مدنی چینل اور کچھ اپنے ہاں سے نعت خوانی وبیان وغیرہ کی ترکیب ہو تب بھی ٹھیک ہے۔
- ''صبحِ بہاراں'' رِسالے میں امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ نے 12 تاریخ کا روزہ رکھنے کی ترغیب دلائی ہے چنانچہ لنگرِ رضویہ کی ترکیب سے لنگرِ میلاد یعنی سحری وغیرہ کی ترکیب کی جائے، یاد رہے! کہ مسجد میں کھلانے پلانے کی ترکیب نہ کی جائے نیز لنگرِ میلاد کی مد میں جمع ہونے والی رقم (مکمل آمدن وخرچ) کا حساب بنایا جائے اور مالیات کو جمع کروایا جائے بلکہ آغاز ہی سے اجتماعِ میلاد وجلوسِ میلاد کے تمام خرچے مالیات ذمہ دار کے ذریعے سے ہی ہوں۔
- اجتماع گاہ کو حتی الامکان اس انداز سے کور کیا جائے کہ شرکاء کو سردی کی شدت سے بچایا جا سکے۔
- جلوسِ میلاد کا رُوٹ اور حفاظتی امور کے معاملات کا فوری جائزہ لے لیجئے۔ (اجتماعِ میلاد میں بھی حفاظتی امور کی ترکیب مضبوط ہونی چاہئے)
- اجتماعِ میلاد وجلوسِ میلاد میں تقسیمِ رسائل کیجئے، بالخصوص **''مینڈک سوار بچھو''** کی خوب خوب ترکیب ہونی چاہئے۔
- کاش! امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے فرمان پر عمل پیرا ہوتے ہوئے، ہم ہر ہر ذیلی حلقے سے 10، 11، 12 ربیع الاول کو اتنے مدنی قافلے سفر کروائیں کہ اطراف کے ہر ہر دیہات میں ہمارے مدنی قافلے پھیل جائیں اور ہر جگہ اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد کی امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی خواہش کے مطابق دھوم

www.dawateislami.net

دھام ہو۔

جشنِ ولادت منانے کی نیتیں اور دیگر مدنی پھولوں کی مدنی مہک سے مستفیض ہونے کے لئے رِسالہ **"صبحِ بہاراں"** ایک بار پھر پڑھ لیجئے بالخصوص صفحہ 18 تا 34۔

اجتماعِ میلاد وجُلوسِ میلاد کی مجالس اگر نہیں بنائی تو بنا لیجئے (مالیات کے ذمہ دار کو ضرور شامل کریں)، بن گئی ہیں تو ہاتھوں ہاتھ اُن کا مدنی مشورہ کر لیجئے، اگر مدنی مشورہ بھی کر چکے تو طے شدہ مدنی کاموں کی پوچھ گچھ کا سلسلہ کیجئے۔

اللہ عزوجل کی بارگاہ میں دعا ہے کہ وہ ہمیں جشنِ ولادت کی خوشیاں شریعت وتنظیم کے دائرے میں رہتے ہوئے منانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین بجاہِ النبی الامین صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم۔

بخش دے مجھ کو الٰہی بہرِ میلادُ النبی
نامۂ اعمال عصیاں سے مرا بھرپور ہے

(وسائلِ بخشش ص 484)

والسلام مع الاکرام

دعائے مغفرت کا بھکاری

محمد شاہد عطاری عفی عنہ

۹ ربیع الاول ۱۴۳۷ھ / 21 دسمبر 2015ء

www.dawateislami.net